پرچہ نمبر ۱

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الاختبار السنوی النهائی تحت إشراف تنظيم المدارس لاهل السنة باكستان

شهادة العالمية فى العلوم العربية والاسلامية (السنة الثانية للبنات) الموافق سنة 1436ھ 2015ء

الوقت المحدد: ثلاث ساعات | الورقة الأولى: صحيح البخاری | مجموع الأرقام: 100

الملاحظة : السؤال الاخير اجباری ولک الخيار فی البواقی ان تجيبی عن اثنين فقط .

السؤال الاول: عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال قال النبی ﷺ العائد فی هبته كالكلب يقيئ ثم يعود فی قيئه .

(الف) ترجمہ وتشریح کریں۔ ۱۲

(ب) ہبہ واپس لینا جائز ہے یا نہیں؟ اختلاف ائمہ مع الدلائل لکھیں۔ ۱۲

(ج) حدیث مذکور کس کی مؤید ہے؟ اگر آپ کی مؤید نہ ہو تو اس کا جواب دیں۔ ۹

السؤال الثانی: كان رسول الله ﷺ اجود الناس و كان اجود مايكون في رمضان حين يلقاه جبريل و كان يلقاه في كل ليلة من رمضان فيدارسه القرآن . فلرسول الله ﷺ اجود بالخير من الريح المرسلة .

(الف) ترجمہ وتشریح کریں۔ ۱۲

(ب) امام بخاری اور صحیح بخاری کا مکمل نام لکھیں۔ ۶

(ج) خط کشیدہ صیغے لکھیں۔ ۱۵

السؤال الثالث: قال رسول الله ﷺ فضل عائشة على النساء كفضل الثريد على سائر الطعام.

(الف) ترجمہ وتشریح کریں اور خط کشیدہ عبارت کی وضاحت کریں۔ ۱۵

(ب) حضرت سیدہ عائشہ اور حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہما میں سے افضل کون ہے؟ ۸

(ج) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت پر مذکورہ بالا حدیث کے علاوہ دو احادیث تحریر کریں۔ ۱۰

السؤال الرابع: عن عبد الله بن مسعود رضی الله عنه قال انشق القمر على عهد النبی ﷺ شقتين فقال النبی ﷺ اشهدوا .

(الف) حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ ۱۲

(ب) معجزۂ شق قمر آپ ﷺ نے کیوں ظاہر فرمایا؟ ۷

(ج) بخاری شریف میں مناقب سیدنا عمر فاروق پر مذکورہ احادیث میں سے تین تحریر کریں۔ ۱۵

ثانیہ نمبر 2

عالمیہ سال دوم

بسم الله الرحمن الرحيم

الاختبار السنوی النهائی تحت إشراف **تنظيم المدارس أهل السنة باكستان**

شهادة العالمية فی العلوم العربية والإسلامية (السنة الثانية للبنات) الموافق سنة 1436ھ 2015ء

الوقت المحدد: ثلاث ساعات | (الورقة الثانية : صحيح المسلم) | مجموع الأرقام :100

الملاحظة : السؤال الأول إجباری ولک الخيار فی السوالی أن تجيبی عن الإثنين فقط .

السؤال الأول: قال رسول الله ﷺ ليس منا من ضرب الخدود، وشق الجيوب او دعا بدعوى الجاهلية

(الف) اعراب لگائیں ترجمہ کریں ۱۰

(ب) حدیث پاک میں مذکورہ تین جملوں میں سے ہر ایک کی الگ الگ تشریح کریں۔ ۱۲

(ج) کیا مذکورہ کام کرنے والا ایمان سے خارج ہو جاتا ہے اگر نہیں تو لیس منا کا کیا مطلب؟ ۶

(د) جاہلیت کا معنی اور وجہ تسمیہ لکھیں۔ ۶

السؤال الثانی: قال رسول الله ﷺ العمرة إلى العمرة كفارة لما بينهما والحج المبرور ليس له جزاء إلا الجنة.

(الف) ترجمہ وتشریح کریں۔ ۱۲

(ب) کیا حج کبیرہ گناہوں کو ختم کردیتا ہے؟ اگر نہیں تو "ليس له جزاء الخ" کا کیا مطلب ہے؟ ۶

(ج) حج مبرور کی تعریف کریں اسکی علامات لکھیں، عمرہ کا لغوی واصطلاحی معنی لکھیں۔ ۱۵

السؤال الثالث: قال رسول الله ﷺ يحرم من الرضاعة ما يحرم من الولادة.

(الف) ترجمہ وتشریح کریں۔ ۱۰

(ب) کتنا دودھ پینے سے حرمت ثابت ہوتی ہے؟ اختلاف ائمہ مع الدلائل لکھیں۔ ۱۵

(ج) مدت رضاعت میں امام صاحب اور صاحبین کا اختلاف لکھیں۔ ۸

السؤال الرابع: عن ابن عمر رضی الله عنهما قال لاعن رسول الله ﷺ بين رجل من الأنصار وامرأته وفرق بينهما.

(الف) ترجمہ وتشریح کریں۔ ۱۳

(ب) لعان کی ضرورت کب ہوتی ہے؟ نیز اگر مرد یا عورت کا جھوٹ ثابت ہو جائے تو کیا کیا جائے گا؟ ۲۰

درجہ نمبر 3

عالیہ سال دوم

بسم الله الرحمٰن الرحيم

الاختبار السنوی النهائی تحت إشراف **تنظيم المدارس أهل السنة باكستان**

شهادة العالمية فی العلوم العربية والإسلامية (السنة الثانية للبنات) الموافق سنة 1436ھ 2015ء

الوقت المحدد: ثلاث ساعات | الورقة الثالثة : جامع الترمذی | مجموع الأرقام :100

الملاحظة : السؤال الأول إجباری ولک الخيار فی البواقی أن تجيبی عن إثنين فقط .

سؤال الأول: عن أنس أن ناسا من عرينة قدموا المدينة فاجتووها فبعثهم رسول الله ﷺ فی إبل الصدقة وقال اشربوا من ألبانها و أبوالها.

(الف) ترجمہ کریں اور کلمات حدیث پر حرکات وسکنات لگائیں۔ ۱۴

(ب) کیا اونٹ کا پیشاب پینا جائز ہے اگر نہیں تو حدیث کا جواب کیا ہے؟ ۱۴

(ج) کلمہ فاجتووا کی صرفی تحقیق بیان کریں۔ ۲

سوال الثانی: عن ابن عمر رضی الله عنه قال كنا ناكل على عهد رسول الله ﷺ ونحن نمشی ونشرب .
عن أنس أن رسول الله ﷺ نهى أن يشرب الرجل قائما .فقيل الأكل قال ذلک أشد.

(الف) احادیث طیبہ کا ترجمہ کریں۔ ۱۴

(ب) دونوں حدیثوں میں بظاہر تعارض ہے؟ تطبیق کی کیا صورت ہو گی؟ ۱۴

(ج) دوسری حدیث میں صرف مرد کا ذکر ہے تو کیا مرد اور عورت کے لیے حکم مختلف ہے؟ ۵

سوال الثالث: عن انس بن مالک قال قال رسول الله ﷺ لو أهدى إلی كراع لقبلت ولو دعيت إليه لأجبت.

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ و تشریح کریں۔ ۱۵

(ب) رسول اللہ ﷺ کے مبارک بالوں اور کنگھی کرنے کے بارے میں آپ کیا جانتی ہیں؟ ۱۸

سوال الرابع: قال رسول الله ﷺ إنی كنت نهيتكم عن الظروف وإن ظرفا لا يحل شيئا ولا يحرمه وكل مسكر حرام.

(الف) حدیث شریف کا اردو میں ترجمہ کریں۔ ۷

(ب) جن برتنوں کی طرف حضور ﷺ نے اشارہ کیا اُن سے مراد کونسے برتن ہیں اور آپ ﷺ نے پہلے پہل اُن کے استعمال سے کیوں منع فرمایا تھا؟ ۱۴

(ج) نبی پاک ﷺ کے چار پسندیدہ کھانے بیان کریں۔ ۱۲

عالمیہ سال دوم

پرچہ نمبر ۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الاختبار السنوی النهائی تحت إشراف تنظيم المدارس لاهل السنة باكستان

شهادة العالمية فی العلوم العربية والإسلامية (السنة الثانية للبنات) الموافق سنة 1436ھ 2015ء

الوقت المحدد ثلاث ساعات | الورقة الرابعة : لسنن أبی داؤد | مجموع الارقام: 100

الملاحظة : السؤال الأول إجباری ولک الخيار فی البواقی أن تجيبی عن إثنين فقط .

السؤال الاول : عن بريدة ان امرا ة اتت رسول الله ﷺ وقالت كنت تصدقت علی امی بوليدة وانها ماتت وتركت تلك الوليدة قال قد وجب اجرک ورجعت اليک فی الميراث قالت وانها ماتت وعليها صوم شهر افيجزی او يقضی عنها ان اصوم عنها قال نعم قالت وانها لم تحج افيجزیء او يقضی عنها ان احج قال نعم .

(الف) حدیث پاک پر حرکات وسکنات لگائیں اور ترجمہ کریں۔ ۲۰=۱۰+۱۰

(ب) میت کی طرف سے ولی رمضان، نذر یا کفارے کے روزے رکھ سکتا ہے یا نہیں؟ اس حوالے سے اختلاف ائمہ مع الدلائل لکھیں۔ ۲۰

السؤال الثانی: عن عبدالرحمٰن ابن سمرة قال: قال لی النبی ﷺ يا عبد الرحمٰن بن سمرة إذا حلفت علی يمين فرأيت غيرها خيرا منها فكفر عن يمينک ثم ائت الذی هو خير .

(الف) ترجمہ وتشریح کریں۔ ۱۰

(ب) یمین کی اقسام اور اُن کا شرعی حکم لکھیں۔ ۱۰

(ج) قسم توڑنے سے پہلے کفارہ ادا کیا جا سکتا ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو اس حدیث سے کیا مراد ہے؟ ۱۰

السؤال الثالث: عن أبی موسی الأشعری يقول :قال رسو ل الله ﷺ إن بين أيديكم فتن كقطع اليد المظلم يصبح الرجل فيها مؤمنا ويمسی كافرا أو يمسی مؤمنا ويصبح كافرا ،القاعد فيها خير من القائم والقائم فيها خير من الماشی والماشی فيها خير من الساعی قالوا فيما تأمرنا قال كونوا احلاس بيوتكم.

(الف) ترجمہ کریں۔ ۱۰

(ب) دس علامات قیامت زینت قرطاس کریں۔ ۲۰

السؤال الرابع: عن عرباض بن سارية قال رسول الله ﷺ عليكم بسنتی وسنة الخلفاء الراشدين المهديين تمسكوا بها وعضوا عليها بالنواجذ وإياكم ومحدثات الأمور فان كل محدثة بدعة وكل بدعة ضلالة.

(الف) ترجمہ وتشریح کریں۔ ۱۲

(ب) بدعت کا لغوی واصطلاحی معنی واقسام لکھیں۔ ۱۸

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عالیہ سال دوم

پرچہ نمبر 5

الاختبار السنوی النهائی تحت إشراف **تنظيم المدارس لاهل السنة باكستان**

شهادة العالمية فی العلوم العربية والإسلامية (السنة الثانية للبنات) الموافق سنة 1436ھ 2015ء

الوقت المحدد: ثلاث ساعات | الورقة الخامسة : لسنن النسائی و ابن ماجه | مجموع الأرقام: ۱۰۰

الملاحظة: أجيبي عن سؤالين من كل قسم.

القسم الاول: سنن النسائی

السؤال الأول: عن ابی هريرة رضی الله عنه قال قال رسول الله ﷺ لا تناجشوا ولا يبيع حاضر لباد ولا يبيع الرجل علی بيع اخيه ولا يخطب علی خطبة اخيه ولا تسأل المرأة طلاق اختها لتكفی ما فی انائها.

(الف) حدیث پاک پر اعراب لگائیں اور ترجمہ و تشریح کریں۔ ۱۸

(ب) حدیث پاک کی روشنی میں بانجھ عورت سے شادی کرنے کا حکم بیان کریں۔ ۷

السؤال الثانی: عن خنساء بنت خذام ان اباها زوجها وهی ثيب فكرهت ذلک فاتت رسول الله ﷺ فرد نكاحه.

(الف) ترجمہ کریں۔ ۶

(ب) خیار بلوغ سے کیا مراد ہے؟ کب اور کسے حاصل ہوتا ہے اور کسے نہیں؟ ۶

(ج) ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کے مسئلہ میں ائمہ کا اختلاف مع الدلائل لکھیں۔ ۱۳

السوال الثالث: عن البراء قال ما رأيت احدا احسن فی حلة حمراء من رسول الله ﷺ وجمته تضرب منكبيه.

(الف) بالوں کو سرخ، کالا یا زرد رنگ کرنے شرعی حکم دلیل کے ساتھ لکھیں۔ ۱۰

(ج) حضور ﷺ کے مبارک بالوں وغیرہ سے حصول برکت پر ایک مضمون لکھیں۔ ۱۵

القسم الثانی: سنن ابن ماجه

السوال الرابع: معاوية بن ابی سفيان يحدث عن رسول الله ﷺ قال الخير عادة والشر لجاجة ومن يرد الله به خيرا يفقهه فی الدين.

(الف) ترجمہ کریں اور بتائیں کہ " الخير عادة الشر لجاجة " سے کیا مراد ہے؟ ۱۲

(ج) قرآن و حدیث کی روشنی میں فضیلت علم پر نوٹ لکھیں۔ ۱۳

السوال الخامس: قال رسول الله ﷺ الا أنبئكم باهل الجنة كل ضعيف متضعف الا انبئكم باهل النار كل عتل جواظ مستكبر.

(الف) ترجمہ کریں۔ ۵

(ب) ضعیف سے کیا مراد ہے؟ مسلمانوں کے ضعفاء کی فضیلت قرآن و حدیث کی روشنی میں بیان کریں۔ ۱۰

(ج) تکبر کی مذمت پر جامع نوٹ لکھیں۔ ۱۰

السوال السادس: عن ابی سعيد الخدری رضی الله عنه عن رسول الله ﷺ انه قال ويل للمكثرين الا من قال بالمال هكذا هكذا اربع عن يمينه وعن شماله ومن قدامه ومن ورائه.

(الف) ترجمہ و تشریح کریں۔ ۱۲

(ج) کسب حلال پر خوبصورت اور جاندار مضمون زینت قرطاس کریں۔ ۱۳

پرچہ نمبر 6

عالمیہ سال دوم

بسم الله الرحمن الرحيم

الاختبار السنوي النهائي تحت إشراف **تنظيم المدارس لاهل السنة باكستان**

شهادة العالمية في العلوم العربية والإسلامية (السنة الثانية للبنات) الموافق سنة 1436ھ 2015ء

الوقت المحدد: ثلاث ساعات | الورقة السادسة : لشرح معاني الآثار | مجموع الأرقام:۱۰۰

الملاحظة : السؤال الأول إجباري ولك الخيار في البواقي أن تجيبي عن ثلاثة فقط .

السؤال الأول : امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ کا مقام محدثین کرام اور فقہاء عظام کے نزدیک کیا ہے؟
اور شرح معانی الآثار کا مرتبہ امہات ستہ میں کیا ہے؟ تحریر کریں۔ ۱۰

السؤال الثاني : عن عائشة رضي الله عنها قالت كان رسول الله ﷺ اذا قام من الليل افتتح صلوته بركعتين خفيفتين ثم صلى ثمان ركعات ثم اوتر .
(الف) خط کشیدہ صیغے بتائیں۔ ۹
(ب) وتروں کی تعداد میں اختلاف ائمہ مع دلائل تحریر کریں۔ ۲۱

السؤال الثالث: عن ابن عباس رضي الله عنه لما خيرت بريرة رأينا زوجها يتبعها في سكك المدينة ودموعه تسيل على لحية فكلم له العباس النبي ﷺ ان يطلب اليها فقال لها رسول الله ﷺ زوجك وابو ولدك. فقالت :أتامرني به يارسول الله؟فقال انما انا شافع قالت ان كنت شافعا فلا حاجة لي فيه واختارت نفسها.
(الف) حدیث شریف کا ترجمہ تحریر کریں۔ ۱۰
(ب) مذکورہ خیار عتق میں اختلاف ائمہ مع دلائل تحریر کریں۔ ۲۰

السؤال الرابع: فلما ثبت في هذه الاشياء ان المكره عليها محكوم عليه بحكم الفاعل كذالك في الطواعية فيوجبون عليه فيها من الاموال ما يجب على الفاعل لها في الطواعية ثبت انه كذالك المطلق والمعتق والمراجع في الاستكراه يحكم عليه بحكم الفاعل فيلزم افعاله كلها.
(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگائیں۔ ۱۰
(ب) طلاق مکرہ میں اختلاف ائمہ مع دلائل تحریر کریں۔ ۲۰

السؤال الخامس: ان النبي ﷺ لاعن بالحمل.
(الف) حدیث مذکور کی ترکیب نحوی کریں۔ ۱۰
(ب) لعان بالحمل کے بارے میں اختلاف ائمہ مع دلائل تحریر کریں۔ ۲۰